## سوال

(100) بعض الفاظ کا شرعی حکم

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

آپ کی نظر میں مندرجہ ذیل الفاظ کا شرعی حکم کیا ہے؟ اللہ جانتا ہے (کہ فلاں بات یوں ہے) ''خدانخواستہ'' ''اللہ کی مرضی یہی تھی'' اور ''اللہ اور اس کا رسول بہتر جانتے ہیں۔''

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

یہ کہنے میں کوئی حرج نہیں کہ ''اللہ جانتا ہے'' بشرطیکہ وہ جو بات بتا رہا ہے، وہ سچ سچ بتا رہا ہو۔ اسی طرح ''خدانخواستہ، اور ''اللہ نہ کرے'' کہنے میں بھی حرج نہیں جب کہ مقصد یہ ہو کہ اللہ نقصان دہ چیز سے محفوظ رکھے۔ ''اللہ کی مرضی'' سے اگر یہ مراد ہو کہ جو بیماری یا تنگ دستی وغیرہ آئی ہے وہ اللہ کی تقدیر اور اس کے ارادہ کونیہ کے تحت ہے تو اس میں بھی کوئی حرج نہیں۔ یہ کہنا کہ ''اللہ اور اس کا رسول بہتر جانتے ہیں'' جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات مبارکہ میں درست تھا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد اللہ اعلم ''اللہ بہتر جانتا ہے۔'' کہنا چاہیے۔ کیونکہ وفات پا جانے کے بعد آپ نہیں جانتے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد کیا واقعات پیش آئے ہیں۔

وَبِاللّٰہِ التَّوْفِیْقُ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی نَبِیَّنَا مُحَمَّدٍ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ

اللجنة الدائمة۔ رکن: عبداللہ بن قعود، عبداللہ بن غدیان، نائب صدر: عبدالرزاق عفیفی، صدر عبدالعزیز بن باز

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

**فتاویٰ ابن باز رحمہ اللہ**

**جلددوم - صفحہ 111**